1456-کیا آسمان میں پہلے دن کا چاند کا معین مدت تک باقی رہنا شرط ہے

سوال

وہ کون سا طریقہ ہے جس سے قمری مہینے کی ابتداء ثابت ہوتی ہے ؟
اور کیا افق پر پہلے دن کے چاند کا معین مدت تک باقی رہنا شرط ہے ؟

پسندیدہ جواب

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح احادیث میں یہ ثابت ہے کہ شعبان کی تیسویں رات یا پھر رمضان کی تیسویں رات کو غروب شمس کے بعد کسی ثقہ آدمی نے چاند دیکھ لیا تو یہ معتبر ہوگا اور اس سے مہینے کی ابتداء معلوم ہوجائے گی اوراس کی کوئی ضرورت اور اعتبار نہیں کہ چاند غروب شمس کے بعد کتنی مدت رہتا ہے چاہے وہ بیس منٹ ہو یا اس سے زیادہ اور کم ہو۔

کیونکہ کوئی ایسی صحیح حدیث نہیں پائی جاتی جس میں غروب شمس کے بعد چاند کے غروب ہونے کی منٹوں میں تحدید کی گئی ہو۔

واللہ تعالی اعلم .